**14.07.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ ماجد علی

**Music**

-------------------------------

☆ بھارت نے آبنائے ہرمز میں حالیہ حملے میں، بھارتی جہازیوں کے مارے جانے کے بعد ایران کے سفارتکار کو طلب کیا ہے۔

☆ بھارت نے اقوامِ متحدہ رکنیت کیلئے فلسطین کی کوشش کی حمایت کی ہے۔ اُس نے فلسطین اور اسرائیل کے درمیان جاری تنازعے کے، دو ریاستی حل کی ایک بار پھر تائید کی ہے۔

☆ بھارت اور برطانیہ کے درمیان جامع اقتصادی و تجارتی سمجھوتے پر کل سے عمل درآمد شروع ہوجائے گا۔

☆ کپڑے کی صنعت سے متعلق بھارت کی سب سے بڑی عالمی نمائش ''Bharat Tex-2026''، نئی دلّی میں شروع ہوگئی ہے، جس کا مقصد کپڑے کے شعبے میں بھارت کی ابھرتی ہوئی قیادت کو نمایاں کرنا ہے۔

☆ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے بہار اور اڈیشہ میں آج شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ ٹیکساس میں، FIFA عالمی کپ میں، آج رات پہلے سیمی فائنل میں فرانس کا مقابلہ اسپین سے ہوگا۔

☆ اور کرکٹ میں، برمنگھم میں پہلے ODI میں بھارت کا مقابلہ میزبان انگلینڈ سے ہوگا۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**India Summons Iran**

بھارت نے آبنائے ہرمز میں متحدہ عرب امارات کے پرچم بردار دو تیل ٹینکروں پر، ایک ایرانی میزائل حملے کے بعد، آج ایرانی مشن کے نائب سربراہ محمد جاوید حسینی کو طلب کیا ہے۔ اس حملے میں ایک بھارتی شہری ہلاک اور کئی افراد زخمی ہوئے ہیں۔

جناب حسینی کو، افسران سے ملاقات کے بعد نئی دلّی میں وزارتِ خارجہ کے صدر دفتر سے رخصت ہوتے ہوئے دیکھا گیا۔

یہ سفارتی قدم، متحدہ عرب امارات کی وزارتِ دفاع کی طرف سے اِس دعوے کی تصدیق کئے جانے کے بعد اٹھایا گیا ہے کہ ٹینکروں Mombasa اور Bahia پر کئے گئے حملوں میں ایک بھارتی شہری کے ہلاک اور عملے کے 8 ارکان کے زخمی ہونے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ ان میں چھ بھارتی اور دو یوکرینی باشندے شامل ہیں۔

چار زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔x

**Rev-MEA-PDG Meeting Brussels**

بھارت نے اقوام متحدہ میں فلسطین کی ممبر شپ اور دو ریاستی حل کی حمایت کی ہے۔ کل بروسلز میں فلسطین عطیہ کاروں کے گروپ کی دوسری وزارتی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزارت خارجہ میں سکریٹری ہری پریا رَنگاناتھن نے یہ بات کہی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بھارت فلسطینی عوام کا طویل عرصے سے شراکت دار رہا ہے۔ انہوں نے فلسطین کے عوام کی انسانی امداد اور صلاحیت سازی کے پروگراموں سمیت بھارت کی ترقیاتی امداد کو اُجاگر کیا۔ محترمہ رنگاناتھن نے کہا کہ بھارت کے پروجیکٹ مانگ پر مبنی ہیں اور صحت، تعلیم، صلاحیت سازی اور روایتی تربیت سے متعلق ہیں۔×

**Indai UK FTA**

بھارت اور برطانیہ کے درمیان جامع اقتصادی و تجارتی معاہدے CETA پر کل سے عمل درآمد شروع ہوجائے گا۔ اِس اہم معاہدے کے تحت بھارتی برآمدات پر، برطانیہ کی مارکیٹ میں 99 فیصد اشیاء پر، کوئی ٹیکس نہیں ہوگا۔ اِس سے بھارت اور برطانیہ کے درمیان دفاعی شراکت داری میں گہرائی اور عوام کیلئے خوشحالی لانے کے دونوں ملکوں کے مشترکہ عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

اِس تاریخی معاہدے کیلئے مئی 2021 میں توسیع شدہ تجارتی شراکت داری اور 2030 کے بھارت - برطانیہ خاکے کی منظوری کے ساتھ شروع کیا گیا تھا، جس میں تجارت کو 2030 تک دوگنا کرکے، 100 ارب امریکی ڈالر کی سطح تک لے جانے کا نشانہ طے کیا گیا ہے۔

*تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...*

***VC - Dependra***

*بھارت - برطانیہ تجارتی معاہدے پر عمل درآمد عالمی سطح پر ایک دیانتدار، مستحکم اور مسابقتی معیشت بننے کے بھارت کے سفر کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔ یہ معاہدہ، عوام پر مرکوز ہے، جس کے تحت پورے سماج کو فائدے حاصل ہوں گے۔ بھارتی برآمدکاروں کو بہت سے بنیادی شعبوں میں، برطانوی محصولات، مکمل طور پر ختم کئے جانے سے بڑا فائدہ ہوگا۔ ابھی تک ڈبہ بند خوراک پر 70 فیصد تک، سمندری مصنوعات میں 21 فیصد سے زیادہ، انجینئرنگ اور آٹو کل پرزوں پر تقریباً 18 فیصد، چمڑے اور جوتے چپل پر 16 فیصد تک، کپڑوں اور ملبوسات پر تقریباً 12 فیصد ٹیکس دیا جاتا ہے لیکن اب اِن سبھی چیزوں پر سے ٹیکس پوری طرح ہٹا دیا جائے گا۔*

*اس سے برطانیہ کی مارکیٹ میں بھارتی برآمدات کی مسابقتی صلاحیت میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا، کسانوں، ماہی گیروں، MSMEs اور مینوفیکچررز کیلئے نئے موقع پیدا ہوں گے اور عالمی ویلیو چین میں بھارت کی دیانتداری میں اضافہ ہوگا۔ IT اور اس پر مبنی خدمات، مالی خدمات، حفظانِ صحت، تعلیم، انجینئرنگ، ٹیلی مواصلات اور مشاورتی خدمات فراہم کرنے والی بھارتی کمپنیوں کو، مارکیٹ تک مزید رسائی اور زیادہ یقینی صورتحال کی وجہ سے بڑے پیمانے پر فائدہ ہوگا۔*

***Dipendra** کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ...*

**Rev-Textile Expo Bharat Tex 2026**

بھارت کی سب سے بڑی عالمی ٹیکسٹائل نمائش ''بھارت ٹیکس 2026'' آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں شروع ہوگئی ہے۔ اِس تقریب کا افتتاح ٹیکسٹائل کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ نے کیا۔ میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت ٹیکس وزیراعظم کا ویژن ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ تقریب اب ایک بین الاقوامی شکل اختیار کر گئی ہے اور ہر سال اس میں نمائش کرنے والوں، خریداروں، فروخت کرنے والوں اور اس کو دیکھنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال اس تقریب میں 130 ملکوں کے 60 ہزار خریدار اور نمائش کرنے والے شرکت کررہے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت ٹیکس میں MSMEs اور Entrepreneurs بھی شرکت کررہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ مختلف ملکوں کے ساتھ کئے گئے آزاد تجارتی سمجھوتے بھی ٹیکسٹائل شعبے کو فائدہ پہنچارہے ہیں۔

**S/B Giriraj Singh**

افتتاحی تقریب میں الگ الگ ریاستوں کے ٹیکسٹائل وزراء اور ٹیکسٹائل کے وزیر مملکت پوترمارگریٹا نے بھی شرکت کی۔ اِس تقریب میں ٹیکسٹائل، فیشن، پائیداری، ٹیکنالوجی، اختراع، سرمایہ کاری اور بین الاقوامی تجارت کے شعبوں میں بھارت کی بڑھتی ہوئی عالمی لیڈر شپ کو بھی دکھایا جارہا ہے۔x

**Rijiju Doha**

پارلیمانی اور اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رنجیجو آج دوحہ کیلئے روانہ ہوگئے۔ اُن کے دورے کا مقصد بھارتی حکومت اور عوام کی طرف سے، قطر کے امیر شیخ حَمد بن خلیفہ الثانی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرنا ہے۔

وزارتِ خارجہ نے بتایا کہ شیخ امیر کا، جدید قطر کی تعمیر میں اہم ترین رول تھا۔ وہ بھارت کے ایک قریبی دوست تھے۔ وزارت نے کہا کہ شیخ امیر کو بھارت - قطر تعلقات تشکیل دینے میں اُن کے بیش بہا تعاون کیلئے یاد رکھا جائے گا۔x

**BJP-AAP- Congress**

بھارتی جنتاپارٹی BJP نے، آج کانگریس اور عام آدمی پارٹی پر 2020 کے شمال مشرقی دلّی دنگوں کے دوران IB کے افسر اَنکت شرما کی ہلاکت میں ملوث افراد کی حمایت کرنے کا الزام لگایا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے قومی ترجمان گورَو بھاٹیہ نے دلّی کی عدالت کے اُس فیصلے کا خیر مقدم کیا، جس میں IB افسر کی ہلاکت کے سلسلے میں عام آدمی پارٹی کے سابق کونسلر طاہر حسین اور چار دیگر افراد کو سزا سنائی گئی ہے۔ جناب بھاٹیہ نے عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کجریوال پر ووٹ بینک کی سیاست کیلئے طاہر حسین کی حمایت کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے یہ الزام بھی لگایا کہ جناب کجریوال نے وزیراعلیٰ رہتے ہوئے دلّی دنگے کرائے تھے۔

جناب بھاٹیہ نے کانگریس کی سینئر لیڈر سونیا گاندھی اور جناب کجریوال پر ملزمین کی حمایت کرکے گندی اور نچلی سطح کی سیاست کرنے کا الزام لگایا۔

**Byte: Gaurav Bhatia**

## Jharkhand Maoist Arrested

جھارکھنڈ میں، لاتیہار ضلعے کی پولیس نے ممنوعہ CPI ماؤ نواز کے ایک علاقائی کمانڈر رویندر گنجھو کو گرفتار کیا ہے۔ اُس پر 20 لاکھ روپے کا انعام تھا۔ اُسے چندوا پولیس اسٹیشن علاقے سے گرفتار کیا گیا ہے۔ جھارکھنڈ پولیس نے اُس پر 15 لاکھ روپے اور NIA نے پانچ لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا ہوا تھا۔

پولیس نے بتایا کہ گنجھو 22 نومبر 2019 کو چندوا میں لُکیا موڑ کے نزدیک ایک پولیس ٹیم پر ماؤ نواز حملے کا اصل ملزم تھا۔ اِس حملے میں چار پولیس اہلکار ہلاک ہوگئے تھے۔x

## Leprosy Notifiable

جموں و کشمیر میں حکومت نے کوڑھ کی بیماری کو ایک ایسی بیماری قرار دیا ہے، جس کے بارے میں فوری طور پر نوٹفکیشن جاری کیا جانا ضروری ہے۔ یہ اعلان لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے حکم پر کیا گیا ہے۔

آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا کہ اِس نئے ہدایت نامے کے تحت سبھی سرکاری اور پرائیویٹ حفظانِ صحت اداروں کو، کوڑھ کی بیماری کے ہر تشخیص شدہ کیس کی رپورٹ، نامزد صحت حکام کو دینا لازمی ہے۔ اِن اقدامات کا مقصد اِس بیماری پر نظر رکھنے کے نظام کو مستحکم کرنا، جلد تشخیص اور بروقت علاج کو یقینی بنانا اور اس بیماری کو مزید پھیلنے سے روکنا ہے۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے بہار اور اڈیشہ میں آج شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے نے کہا ہے کہ شمال مشرقی بھارت، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ اور مغربی بنگال میں کل تک یہی صورتحال رہے گی۔

ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، پنجاب اور مغربی اترپردیش میں بھی اِس مہینے کی 19 تاریخ تک ہلکی سے اوسط درجے کی بارش کی پیشگوئی ہے۔ موسم محکمے نے بتایا کہ انڈمان و نکوبار جزائر، آندھرا پردیش اور جموں و کشمیر، لداخ، بہار، گنگا کے مغربی بنگال والے علاقے، جھارکھنڈ، کرناٹک اور اڈیشہ میں اگلے دو سے تین دن تک گرج چمک کے ساتھ چھینٹا پڑنے اور ہواؤں کے جھکڑ چلنے کا امکان ہے۔

اسی دوران ساحلی آندھرا پردیش میں، گرمی رہنے کا امکان ہے۔ محکمے نے اڈیشہ، رائل سیما، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں کل تک الگ الگ جگہوں پر گرمی اور نمی والا موسم رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ x

## FIFA WC - Semi Final

فیفا ورلڈ کپ میں امریکہ کے Texas کے Dallas اسٹیڈیم میں آج رات سیمی فائنل میں فرانس کا سامنا اسپین سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے بارہ بجے شروع ہوگا۔ فرانس لگاتار تیسری مرتبہ فیفا ورلڈ کپ کے فائنل میں اپنی جگہ بنانا چاہے گا۔

دوسری طرف، اسپین 2010 میں فیفا ورلڈ کپ جیتنے کے بعد سے پہلی مرتبہ ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچنے کی کوشش کرے گا۔

فرانس، کوراٹر فائنل میں مراقش کو دو-صفر سے ہرا کر، جبکہ اسپین، بیلجیم کو دو-ایک سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچا ہے۔x

**Cricket - IND-ENG**

مردوں کی بھارتی کرکٹ ٹیم آج تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں میزبان انگلینڈ کا سامنا کرے گی۔ یہ میچ برمنگھم کے Edgbaston میدان میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔

سینئر کھلاڑی وراٹ کوہلی اور روہت شرما بھارتی ٹیم کو مضبوطی فراہم کرنے کیلئے واپسی کررہے ہیں، جبکہ تیز گیندباز جسپریت بمراہ بھی ٹیم میں دوبارہ شامل ہورہے ہیں۔

بھارت، آئرلینڈ اور انگلینڈ کے خلاف ٹی-20 بین الاقوامی سیریز میں شکست کے بعد اِس ایک روزہ سیریز میں شاندار واپسی کی کوشش کرے گا۔

شبھمن گل کی قیادت میں بھارتی ٹیم دوسرا ایک روزہ میچ جمعرات کو Cardiff میں کھیلے گی، جبکہ سیریز کا تیسرا اور آخری میچ 19 تاریخ کو لندن کے تاریخی میدان لارڈس میں کھیلا جائے گا۔×

**Rev-Hockey Womens U21**

بھارت کی اکیس سال تک کی عمر کی جونیئر خواتین ہاکی ٹیم اپنے برطانیہ دورے کے آخری میچ میں آج انگلینڈ میں Lilleshall National Sports Centre میں بیلجیم سے مقابلہ کرے گی۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔

انگلینڈ کے خلاف صفر-دو کی شاندار جیت کے ساتھ واپسی کے بعد بھارتی ٹیم اس دورے کے اختتام جیت کے ساتھ کرنے کی کوشش کرے گی۔ اس سے قبل بھارت نے امریکہ کو ایک-ایک سے برابری پر روکا تھا، جس کے بعد شوٹ آؤٹ میں ٹیم کو دو-تین سے معمولی شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔×

**PM-Quote**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جس طرح روشنی کے بغیر سورج کا تصور نہیں کیا جاسکتا، اُسی طرح روشنی کا وجود بھی سورج کے بغیر ہوسکتا۔ سنسکرت کے ایک قول کو شیئر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ 'سورج اور اُس کی روشنی دونوں پوری طرح ایک دوسرے پر منحصر ہیں'۔

☆☆☆☆☆☆